**مضمون: الحدیث الشریف کتاب کا نام: سنن أبي داؤد درجہ: عالمیہ دوم**

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

| سوال نمبر | جواب | آپشن | سوال نمبر | جواب | آپشن |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | چاندی | ب | .14 | بیعت رضوان والے | د |
| .2 | متفرق | الف | .15 | جذعہ | الف |
| .3 | 5درہم | ب | .16 | الف،ب | ج |
| .4 | الف،ب | ج | .17 | سات سال تک کی اونٹنی | د |
| .5 | بنت لبون | ب | .18 | جلب | ب |
| .6 | روکنے والے کی طرح | ج | .19 | صدقۃ الفطر | ج |
| .7 | مظلوم کی دعا | ب | .20 | سوانی | ب |
| .8 | بنت مخاض | ج | .21 | بعل | ج |
| .9 | 25 | ج | .22 | ایک مشکیزہ | ب |
| .10 | دوبرس کا اونٹ | ب | .23 | پک جائیں | الف |
| .11 | زکوۃ واجب نہیں | ب | .24 | 04 | ج |
| .12 | معتاط | الف | .25 | حجۃ الوداع | ب |
| .13 | 03 | ب | | | |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
|---|---|---|---|
| .1 | عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ غنیوں کے علاوہ کسی کیلئے صدقہ جائز نہیں غازی، عامل، غارم، مال صدقہ خریدنے والا، وہ جس کا ہمسایہ مسکین ہو اور اس کو زکوۃ دی گئی پھر وہ پڑوسی اس غنی کو ہبہ کر دے | .11 | ایک غلام آزاد کرنا اس کی طاقت نہ ہو تو مسلسل دو ماہ کے روزے رکھنا اس کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا۔ |
| .2 | ضرورت کی حد تک ایک مرد کو زکوۃ کی رقم دینا جائز ہے۔ | .12 | حالت سفر میں روزہ نہ رکھنے کا اختیار دیا گیا ہے |
| .3 | سائل کیلئے حق ہے کہ اسے کچھ نہ کچھ لازمی دیا جائے اگرچہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔ اس سے مراد ضرورت مند سائل ہے۔ | .13 | ایسا شخص ایک زمانہ تک روزے رکھتا ہے، جو روزہ اُس نے جان بوجھ کر چھوڑ دیا اس کے برابر نہیں ہو سکتا |
| .4 | خازن کو بھی کامل طور پر اجر دیا جائے گا جتنا صدقہ کا مال دینے والے کو اجر دیا جائے گا۔ | .14 | رمضان المبارک کے بعد افضل ترین روزے محرم الحرام کے فرمائے گئے ہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .5 | نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالی تمہیں اجر عطا کرے گا لیکن اگر تم اپنی پھوپھی یا خالہ کو عطا کرتی تو اس میں زیادہ اجر تھا۔ | .15 | غیر اللہ کی قسم کھانا منع ہے جس نے اٹھائی اس کا پورا کرنا ضروری نہیں ہے اور اس کی جگہ اللہ کی قسم کھائے ایک حدیث پاک میں ہے: جس نے غیر اللہ کی قسم کھائی اس نے شرک کیا۔ |
| .6 | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شح سے بچو بلاشبہ تم سے پہلے لوگ اسی وجہ سے ہلاک ہوئے انھوں نے بخل، قطع تعلق اور فسق کا حکم دیا تو وہ بخیل، قاطع اور فاجر ہو گئے۔ | .16 | ایسی قسم استثنا پر محمول ہے اس کا پورا کرنا ضروری نہیں کیونکہ قسم واقع نہیں ہوئی ہے۔ |
| .7 | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسے شخص کیلئے دو اجر ہیں | .17 | قال ابوداؤد البخل بفتح الباء والخاء |
| .8 | صداق رسول اللہ ﷺ ثنتا عشرۃ اوقیۃ ونش۔ | .18 | قال: حملت حجرا ثقيلا فبينا أمشى فسقط عنى يعني ثوبي فقال لى رسول الله صل الله عليه وسلم خذ عليك ثوبک ولا تمشوا عراة |
| .9 | دو مرد ایک دوسرے کی بیٹی یا بہن کو بغیر مہر کے نکاح میں دے دیتے ہیں؛ اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ممنوع فرمایا ہے۔ | .19 | قال رسول الله ﷺ انه اراد قتل صاحبه |
| .10 | حدیث پاک میں ایسے نکاح کو باطل کہا گیا ہے۔ | .20 | نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ بیت المقدس کا آباد ہونا، یثرب کا ویران ہونا، بڑی لڑائی کا ظہور ہے اور وہ قسطنطنیہ کی فتح ہے اور قسطنطنیہ کی فتح دجال کا نکلنا ہے۔ |

## طویل سوالات (Long Questions)

| سوال نمبر | جواب |
|---|---|
| .1 | فرمایا بے شک اہل کتاب میں سے ایک قوم کے ساتھ تمہاری ملاقات ہو گی، انہیں یہ شہادت دینے کی دعوت دینا کہ اللہ تعالی کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں اگر وہ تیری اطاعت کریں اور پیروی کریں تو ان کو بتانا اللہ تعالیٰ نے ان پر دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں۔ پس اگر وہ اس بارے میں بھی تیری اطاعت کریں تو پھر انھیں آگاہ کرنا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ان کے مالوں میں زکوۃ فرض کی ہے جو ان کے اغنیاء سے لی جائے گی اور فقراء پر لوٹائی جائے گی۔ اگر پیروی کریں تو ان سے عمدہ اور اعلیٰ مال لینے سے بچنا، مظلوم کی بد دعا سے بچنا؛ کیونکہ مظلوم کی دعا اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی حجاب نہیں۔ |
| .2 | حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا۔ عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کیسے روزہ رکھتے ہیں؟ بنی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غضب فرمایا، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو ہم اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے، اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہیں۔ ہم اللہ اور اس کے رسول کے غضب کی اللہ سے پناہ مانگتے ہیں۔ یہاں تک کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا غضب کم ہوا پھر نبی کریم ﷺ نے صوم دہر کے بارے میں فرمایا، لا صام ولا أفطر |
| .3 | پانچ اونٹوں میں ایک بکری لازم ہے، دس میں دو بکریاں، پندرہ میں تین بکریاں، بیس میں چار، اور پچیس سے پینتیس تک ایک بنت مخاض ہے اور پینتالیس تک ایک بنت لبون پھر ساٹھ تک ایک حقہ ہو گا پھر پچھتر تک اس میں ایک جزعہ ہو گا اور جب بڑھ جائیں تو نوے تک، پھر ایک سو بیس تک دو حقے واجب ہیں، پھر ہر پچاس میں ایک حقہ اور ہر چالیس میں ایک بنت لبون واجب ہو گی۔ |

| | |
|---|---|
| 4. | معاویہ بن الحکم السلمی کہتے ہیں میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ایک کنیز ہے میں نے اسے سخت تھپڑ مارا پس یہ رسول ﷺ پر شاق گزرا میں نے عرض کی کیا میں اسے آزاد کر سکتا ہوں؟ فرمایا اسے میرے پاس لاؤ، وہ آئی تو پوچھا۔ اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟ اس نے عرض کی آسمان، پوچھا میں کون ہوں اس نے عرض کی اللہ کے رسول۔ فرمایا اسکو آزاد کر دو یہ موحد ہے<br>حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ایک آدمی سیاہ رنگ کی لونڈی لے کر حاضر ہوا، عرض کی آقا علیہ السلام مجھ پر کیا مومن غلام کو آزاد کرنا ہے فرمایا اے لونڈی! اللہ کہاں ہے اللہ نے آسمان کی طرف اشارہ کیا، پوچھا میں کون ہوں؟ عرض کی اللہ کے رسول تب فرمایا اسکو آزاد کر دے یہ مومنہ ہے۔ |
| 5. | قال رسول اللہ ﷺ :ان اول الآیات خروجاً طلوع الشمس من  مغربها او الدابةعلی الناس ضحاً فایّتهما کانت قبل صاحبتها فالاخُری علی اثرها-<br>قال رسول اللہ ﷺ: لن تکون اولن تقوم حتی تکون قبلها عشر آیات طلوع الشمس من مغربهاو خروج الدابة و خروج یاجوج ماجوج والدجال و عیسی بن مریم والد خان و ثلث خسوف خسف بالمغرب و خسف بالمشرق وخسف بجریرة العرب و اخرذلک تخرج نار من الیمن من قعر عدن  الی تسوق الناس الی المحشر |